القواعد الفقهيّة

تالیف وترجمہ

صاحبزادہ ابوالحسن واحد رضوی

آستانہ عالیہ فیض آباد شریف

محمد نگر، اٹک

2012

(٧٦) لَاعِبرَةَ لِلدَّلَالَةِ فِي مُقَابَلَةِ التَّصْرِيحِ.

ترجمہ: صراحت کے مقابلے میں دلالت، کا اعتبار نہیں۔

(٧٧) مَا كَانَ أَكْثَرَ فِعْلًا كَانَ أَكْثَرَ فَضلًا.

ترجمہ: جو چیز عمل میں زیادہ ہے وہ فضیلت (مرتبہ) میں بھی زیادہ ہوتی ہے۔ (جیسے کھڑے ہو کر نفل پڑھنا، بیٹھ کر پڑھنے سے زیادہ فضیلت اور اجر و ثواب کا حامل ہے)۔

(٧٨) المتعدِّي أفضلُ مِنَ القاصِرِ.

ترجمہ: جس چیز کا اثر متعدی ہو وہ اس چیز سے بہتر ہے جس کا اثر متعدی نہ ہو۔

(٧٩) المطلق يجري على إطلاقه.

ترجمہ: مطلق، اپنے اطلاق پر جاری رہتا ہے۔

(٨٠) يُقبل قول المترجم مطلقًا.

ترجمہ: مترجم کا قول، مطلقاً قبول کیا جائے گا۔

(٨١) يكره الإيثار بالقرب.

ترجمہ: عبادت، میں ایثار، مکروہ ہے۔

(٨٢) إذا جاء الإحتمال بطل الإستدلال.

ترجمہ: احتمال پیدا ہو جانے پر، استدلال، باطل ہو جاتا ہے۔